# نصابِ تعلیم

## وفاق المدارس العربیہ پاکستان

﴿برائے بنین﴾

منظور کردہ

اجلاس مجلس شوریٰ و عاملہ

منعقدہ ۲۰ جمادی الاولیٰ ۱۴۴۵ھ، ۵ دسمبر ۲۰۲۳ء

شائع کردہ

مرکزی دفتر وفاق المدارس العربیہ پاکستان



06-12-2023

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نصاب کمیٹی نے زیر صدارت صدر وفاق حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی دامت برکاتہم العالیہ، اپنے دو اجلاسوں میں ''وفاق'' کے نصاب تعلیم درس نظامی (بنین) پر غور وخوض کیا اور ترامیم تجویز کیں۔

پہلا اجلاس مورخہ 24 صفر المظفر 1444ھ مطابق 21 ستمبر 2022ء کو جامعہ دار العلوم کراچی میں منعقد ہوا۔ جس میں درجہ اولیٰ تا درجہ ثانویہ خاصہ سال دوم کے نصاب پر غور وخوض کیا گیا۔

دوسرا اجلاس مورخہ 15، 16 ربیع الثانی 1444ھ مطابق 11، 12 نومبر 2022ء کو اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ جس میں درجہ عالیہ سال اول تا درجہ عالمیہ سال دوم کے نصاب تعلیم پر غور وخوض کیا گیا۔ نیز پہلے اجلاس کی کارروائی کی توثیق کے ضمن میں تحتانی درجات سے متعلق بعض امور پر نظر ثانی کر کے تجاویز حتمی کی گئیں۔

نصاب کمیٹی کے مذکورہ دونوں اجلاسوں کے نتیجے میں مرتب ہونے والی تجاویز، مجلس عاملہ کے اجلاس منعقدہ 12، 13 شوال المکرّم 1444ھ مطابق 3، 4 مئی 2023ء پیش کی گئیں۔ مجلس عاملہ میں نظر ثانی کے بعد طے کیا گیا کہ مجلس شوریٰ کی منظوری کے بعد نصابی ترامیم کو نافذ کیا جائے گا۔

مجلس شوریٰ نے اپنے اجلاس منعقدہ 29 محرم الحرام 1445ھ مطابق 17 اگست 2023ء میں مجوزہ نصابی ترامیم کی منظوری دی اور یہ طے کیا کہ اراکین شوریٰ اپنی تحریری تجاویز بھجوائیں گے ان کو ملاحظہ کرنے کے بعد مجلس عاملہ جو بھی فیصلہ کرے گی وہ حتمی ہوگا۔

چنانچہ مجلس عاملہ نے اپنے اجلاس منعقدہ 20 جمادی الاولیٰ 1445ھ مطابق 5 دسمبر 2023ء میں، اراکین شوریٰ کی تجاویز کی روشنی میں حتمی کیا۔ یہ نصاب نئے تعلیمی سال شوال المکرّم 1445ھ سے نافذ العمل ہوگا اور 1446ھ کا امتحان اسی کے مطابق ہوگا:

(مولانا) محمد حنیف جالندھری

ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان

# نصاب تعلیم بنین

## ثانویہ عامہ ...... ''میٹرک'' ...... (سال اول)

| نمبر شمار | مضامین | نیا منظور شدہ نصاب |
|---|---|---|
| 01 | نحو | علم النحو / نحو میر فارسی / عربی، شرح مائۃ عامل مع الترکیب |
| 02 | صرف | میزان الصرف ومنشعب / ارشاد الصرف اردو یا علم الصرف تین حصص |
| 03 | تمرین الصرف | صفوۃ المصادر، تیسیر الابواب |
| 04 | تمرین النحو | المنہاج فی القواعد والاعراب، النحو الیسیر، تسہیل النحو |
| 05 | لغۃ عربیہ و حفظ حدیث | الطریقۃ العصریہ جلد اول ودوم، حفظ حدیث جوامع الکلم (حضرت مولانا مفتی محمد شفیع عثمانیؒ) |
| 06 | تجوید | جمال القرآن، حفظ پارہ عم نصف آخر مع التجوید |

**ہدایات:**

نوٹ: درجہ اولیٰ میں گھنٹہ پچاس منٹ کا ہوگا۔

الطریقۃ العصریہ کا ترجمہ نہیں ہوگا بلکہ عربی تکلم کے انداز میں پڑھایا جائے گا۔اس کا پرچہ عربی میں ہوگا۔اس کے علاوہ مستقل ایک گھنٹہ عربی حوار کا ہوگا۔عربی حوار کے لیے راہنما کتب: العربیہ بین یدیک اور العربیہ للناشئین۔

میٹرک پاس طلبہ کو حوار کے گھنٹہ میں نماز کے مسائل سکھلائے جائیں گے، مسائل کی راہنمائی کے لیے تعلیم الاسلام کتاب ہوگی۔

جمال القرآن کے ساتھ تجوید کی مشق لازم ہوگی۔50 نمبر جمال القرآن اور 50 نمبر حفظ پارہ عم نصف آخر مع التجوید کے ہوں گے۔

میٹرک پاس طلبہ میں فارسی سے مناسبت پیدا کرنے کے لیے تیسیر المبتدی اور فارسی کا آسان قاعدہ پڑھایا جائے گا۔

## ثانویہ عامہ ...... ''میٹرک'' ...... (سال دوم)

| نمبر شمار | مضامین | نیا منظور شدہ نصاب |
|---|---|---|
| 01 | ترجمہ مختصر تفسیر و تجوید | ترجمہ پارہ عم، فوائد مکیہ، حفظ و مشق پارہ عم نصف اول مع التجوید |
| 02 | لغۃ عربیہ و انشاء و حدیث | القراءۃ الراشدہ جلد اول (تمارین قراءۃ الراشدہ شائع کردہ وفاق المدارس)<br>معلم الانشاء جلد اول، زاد الطالبین کامل<br>زاد الطالبین کے الباب الاول (کی ابتدا) سے حفظ 40 احادیث |
| 03 | فقہ | مختصر القدوری از ابتداء تا کتاب البیوع (کتاب العبادات) و از کتاب النکاح تا آخر کتاب النفقات |
| 04 | صرف | علم الصیغہ مع خاصیات ابواب |
| 05 | نحو | ھدایۃ النحو کامل |
| 06 | منطق | تیسیر المنطق، مرقاۃ |

**ہدایات:**

(1) درجہ ثانویہ عامہ سال دوم میں بھی عربی حوار کا ایک گھنٹہ ہوگا۔ جس کے لیے راہنما کتب: العربیہ بین یدیک اور العربیہ للناشئین۔

(2) تفسیر کے پرچے میں نمبروں کی تقسیم درج ذیل ہوگی:

لفظی ترجمہ مع مختصر تفسیر پارہ عم 50 نمبر، حفظ پارہ عم نصف اول مع التجوید 30 نمبر، قواعد تجوید از فوائد مکیہ 20 نمبر

استاذ اس بات کا اہتمام کرے کہ تفسیر مختصر ہو، طوالت سے گریز کرے۔

(3) معلم الانشاء کی مشقوں پر توجہ دی جائے اساتذہ مشقوں کی کاپیاں اہتمام سے چیک کریں۔

(4) القراءۃ الراشدہ کی تمارین کا اہتمام کیا جائے۔

(5) خاصیات ابواب کو علم الصیغہ سے پہلے، سال کے آغاز میں پڑھایا جائے۔ نیز خاصیات ابواب میں ادارہ کو اختیار رہے کہ جس بھی کتاب سے پڑھائیں۔

(6) ہدایۃ النحو سے مکمل تین سوال ہوں گے۔ البتہ تمرینات کے لیے تسہیل الادب سے استفادہ کیا جائے۔

# ثانویہ خاصہ ...... ''ایف اے'' ...... (سال اول)

| نمبر شمار | مضامین | نیا منظور شدہ نصاب |
|---|---|---|
| 01 | ترجمہ و مختصر تفسیر وحدیث | ترجمہ و تفسیر از سورہ عنکبوت تا پارہ عم<br>ریاض الصالحین از کتاب الادب تا اختتام کتاب آداب السفر<br>ریاض الصالحین سے حفظ احادیث، حدیث نمبر 689 تا 707، 721 تا 730، 733 تا 743 تک (قدیمی کتب خانہ) چالیس احادیث |
| 02 | فقہ | قدوری از کتاب البیوع تا آخر کتاب<br>(ماسوا کتاب النکاح تا آخر کتاب النفقات) |
| 03 | اصول فقہ | اصول الشاشی، مبادی الاصول (مولانا سعید احمد پالنپوری) |
| 04 | نحو | کافیہ |
| 05 | منطق و عقیدہ | شرح تہذیب، متن عقیدۃ الطحاویہ |
| 06 | لغۃ عربیہ وادب | نفحۃ العرب تا اختتام قصہ حضرت ابراہیم علیہ السلام (صفحہ 1 تا 220)<br>معلم الانشاء جز ثانی |

**ہدایات:**

(1) ترجمہ قرآن کریم لفظاً ہوگا بامحاورہ نہیں ہوگا۔ مختصر تفسیر میں ان امور کو ملحوظ رکھا جائے گا: حل اللغات، ترکیب، شان نزول، استنباط احکام۔

(2) کافیہ کو پڑھاتے ہوئے قیل وقال سے گریز کیا جائے۔

(3) ہفتہ میں تین یوم نفحۃ العرب اور تین یوم معلم الانشاء کو پڑھایا جائے۔

(4) متن عقیدۃ الطحاویہ کو پڑھاتے وقت ''شرح العقیدۃ الطحاویۃ بتحقیق عبد السلام بن عبد الہادی'' کو سامنے رکھیں۔

(5) معلم الانشاء کی مشقوں پر توجہ دی جائے، اساتذہ مشقوں کی کاپیاں اہتمام سے چیک کریں۔

# ثانویہ خاصہ ...... ''ایف اے'' ...... (سال دوم)

| نمبر شمار | مضامین | نیا منظور شدہ نصاب |
|---|---|---|
| 01 | ترجمہ ومختصر تفسیر و حدیث | ترجمہ وتفسیر از سورہ یونس تا اختتام سورہ قصص۔<br>ریاض الصالحین از کتاب العلم تا آخر کتاب<br>حفظ احادیث، حدیث نمبر 1373 تا 396، 1511 تا 1520، 1542 تا<br>1544، 1547 تا 1549، 1567 تا 1569 (قدیمی کتب خانہ) چالیس احادیث |
| 02 | فقہ | کنز الدقائق |
| 03 | اصول فقہ | نور الانوار تا قیاس |
| 04 | نحو | شرح جامی از ابتدا تا مبنیات<br>مع مقدمہ |
| 05 | بلاغہ ومنطق | علم المعانی از دروس البلاغۃ، علم البیان وعلم البدیع از البلاغۃ الواضحۃ<br>قطبی از مقدمہ تا آخر تصورات۔ |
| 06 | لغہ عربیہ وانشاء | مقامات حریری دس مقامے |

**ہدایات:**

(1) ترجمہ قرآن کریم لفظاً ہوگا با محاورہ نہیں ہوگا۔ مختصر تفسیر میں ان امور کو ملحوظ رکھا جائے گا: حل اللغات، ترکیب، شان نزول، استنباط احکام۔

(2) کنز الدقائق کے دو گھنٹے ہوں گے۔

(3) پانچویں پرچے میں ایک سوال دروس البلاغۃ سے، ایک سوال البلاغۃ الواضحۃ سے اور ایک سوال قطبی سے ہوگا۔

(4) معلم الانشاء جلد ثالث کی متبادل کتاب کا جلد انتخاب کیا جائے گا۔

# عالیہ ...... ''بی اے'' ...... (سال اول)

| نمبر شمار | مضامین | نیا منظور شدہ نصاب |
|---|---|---|
| 01 | ترجمہ و مختصر تفسیر و حدیث | سورہ فاتحہ تا اختتام سورۃ توبہ<br>آثار السنن از ابتداء تا کتاب الوتر<br>حفظ احادیث از آثار السنن باب فی صلاۃ الجماعۃ حدیث نمبر 486 تا 512<br>(مکتبۃ البشریٰ) 27 احادیث |
| 02 | فقہ | ہدایہ جلد اول |
| 03 | اصول فقہ | حسامی تا قیاس، باب قیاس از نور الانوار تا آخر کتاب |
| 04 | بلاغۃ | مختصر المعانی مکمل |
| 05 | حدیث<br>عقائد و فلسفہ | الانتباہات المفیدہ اردو،<br>معین الفلسفہ (مولفہ مولانا سعید احمد پالنپوری)<br>شرح عقیدۃ الطحاویہ للعلامہ اکمل الدین البابرتی،<br>اسلامیت اور مغربیت میں کشمکش ابوالحسن علی ندویؒ |
| 06 | لغۃ عربیہ | دیوان متنبّی تا قافیۃ الدال،<br>سبعہ معلقات پہلے تین معلقے |

**ہدایات:**

(1) ترجمہ قرآن کریم لفظاً ہوگا با محاورہ نہیں ہوگا۔ مختصر تفسیر میں ان امور کو ملحوظ رکھا جائے گا: حل اللغات، ترکیب، شان نزول، استنباط احکام۔

(2) ہدایہ اول میں نفس کتاب پر زیادہ توجہ دی جائے۔

(3) مختصر المعانی میں قواعد کے اجراء کا اہتمام کیا جائے۔

(4) الانتباہات المفیدہ اردو، (حل الانتباہات کا مطالعہ کر کے پڑھائیں)

(5) عالیہ سال اول کے پانچویں پرچے میں چار کتابیں ہیں۔ ہر کتاب سے ایک سوال 25 نمبروں کا ہوگا۔

# عالیہ ...... ''بی اے'' ...... (سال دوم)

| نمبر شمار | مضامین | نیا منظور شدہ نصاب |
|---|---|---|
| 01 | تفسیر | تفسیر جلالین مکمل |
| 02 | اصول تفسیر وحدیث وفرائض | الفوز الکبیر، خیر الاصول، سراجی، کتاب الآثار<br>حفظ احادیث کتاب الآثار باب فضائل الصحابہ حدیث نمبر 866 تا 882، حدیث نمبر 887، 888 اس کے بعد حدیث نمبر 906 سے آخر کتاب تک (مکتبہ امدادیہ) 30 احادیث |
| 03 | فقہ | ہدایہ جلد ثانی |
| 04 | اصول فقہ | توضیح مکمل |
| 05 | عقائد وفلکیات | شرح عقائد ، علماء دیوبند کا دینی رخ اور مسلکی مزاج<br>الھیئۃ الصغریٰ کے منتخب مباحث |
| 06 | لغۃ عربیہ وعروض | دیوان الحماسہ سے باب الحماسہ<br>متن الکافی، برائے مطالعہ اردو بحریں |

ہدایات: (1) جلالین سے مکمل تین سوال ہوں گے۔

(2) دوسرے پرچے میں چار کتابیں ہیں۔ ہر ایک کتاب سے 25 نمبروں کا سوال ہوگا۔ تسہیل المیراث برائے مطالعہ ہوگی (از حضرت مولانا مفتی رشید احمد لدھیانویؒ)۔

(3) مولانا موسیٰ البازیؒ کی کتاب الھیئۃ الصغریٰ سے ضروری مباحث شامل نصاب کیے جائیں گے۔ شرح عقائد کے دو سوال ہوں گے۔

(4) متن الکافی کو سال کے شروع میں پڑھایا جائے گا۔

(5) سال 1446ھ کے لیے باب الحماسہ کو برقرار رکھا گیا ہے، آئندہ اس پر مزید غور کیا جائے گا۔

# عالمیہ ...... ’’ایم اے‘‘ ...... (سال اول)

| نمبر شمار | مضامین | نیا منظور شدہ نصاب |
|---|---|---|
| 01 | اصول تفسیر<br>اصول حدیث | التبیان فی علوم القرآن<br>تیسیر مصطلح الحدیث، شرح نخبۃ الفکر<br>آئینہ قادیانیت برائے مطالعہ |
| 02 | تفسیر | بیضاوی ربع پارہ اول |
| 03 | حدیث | مشکوٰۃ المصابیح جلد اول<br>حفظ احادیث از مشکوٰۃ المصابیح ۔کتاب الایمان کی حدیث نمبر 2 تا 10، باب الاعتصام بالکتاب والسنۃ کی ابتدائی چار احادیث، کتاب العلم کی ابتدائی چھ احادیث، کتاب الادب باب حفظ اللسان والغیبۃ والشتم سے الفصل الاول کامل ۔38 احادیث |
| 04 | حدیث | مشکوٰۃ المصابیح جلد دوم |
| 05 | فقہ | ہدایہ جلد ثالث |
| 06 | فقہ | ہدایہ جلد رابع |

**مجوزہ نصاب میں ہدایات:**

تیسیر مصطلح الحدیث کو شرح نخبۃ الفکر سے پہلے پڑھایا جائے۔

# عالمیہ ...... ” ایم اے “ ...... (سال دوم)

| نمبر شمار | مضامین | نیا منظور شدہ نصاب |
|---|---|---|
| 01 | کتب حدیث | صحیح بخاری |
| 02 | | صحیح مسلم<br>حفظ احادیث از مسلم شریف۔ باب خصال من اتصف بہن وجد حلاوۃ الایمان سے آخر باب الحث علی اکرام الجار والضیف ، باب الوصیہ بالنساء ( کامل )، باب النہی عن طلب الامارۃ و حرص علی سے دس احادیث۔27 احادیث |
| 03 | | جامع الترمذی |
| 04 | | سنن ابوداؤد |
| 05 | | سنن نسائی، سنن ابن ماجہ، شمائل ترمذی |
| 06 | | موطا امام مالک، موطا امام محمد، طحاوی از ابتداء تا کتاب الزکوۃ |